COVID-19 ٹیسٹ کیسے کیا جائے

QuickVue At-Home OTC COVID-19 *ٹیسٹ کا استعمال*

کے بارے میں

یہ *QuickVue At-Home OTC COVID-19* ٹیسٹ کٹ کے حوالے سے ایک آسان رہنمائی ہے۔ **مکمل معلومات حاصل کرنے کے لیے**، براہِ کرم کٹ میں موجود **ہدایاتی شیٹ** اور **مریض کے حقائق کی شیٹ** سے رجوع کریں۔ اس مصنوعہ کو FDA' ایمرجنسی استعمال کی توثیق' حاصل ہے۔

ویڈیو میں ٹیسٹ کے طریقہ کار کے حوالے سے جاننے کے لیے،
quickvueathome.com/#video_testkit-2 پر جائیں



کٹ میں کیا موجود ہوتا ہے؟

پہلے سے بھری ہوئی ٹیوبز
ٹیوب ہولڈرز
فوم کے سوابس
ٹیسٹ اسٹرپس
ہدایاتی شیٹ
مریض کے حقائق کی شیٹ

آپ کو مزید کیا درکار ہے؟

گھڑی یا ٹائمر (شامل کردہ نہیں)
اس ٹیسٹ کے لیے
وقت کی پابندی کرنا نہایت اہم ہے!

ٹیسٹ شروع کرنے کے لیے

اپنے ہاتھ دھوئیں اور کٹ کو **ہموار اور صاف سطح** پر رکھیں۔ کمرے میں **اچھی روشنی** کی موجودگی کو یقینی بنائیں۔ اگر آپ کسی دوسرے شخص کا ٹیسٹ کر رہے ہیں، تو اپنے **چہرے پر ماسک** پہنیں۔ کٹ کھولیں اور درج بالا تمام آئٹمز کی موجودگی کو یقینی بنائیں۔ **اپنا ٹائمر یا گھڑی لیں** اور دوسری طرف **مرحلہ وار ہدایات پر عمل کریں۔**

>

ٹیسٹ کرتے ہوئے

1

ٹیوبز میں سے ایک ٹیوب کا ڈھکن اتاریں اور اسے ٹیوب ہولڈر میں ڈالیں۔



2

سواب کا ریپر کھول کر اتار لیں۔ **سواب کے اوپر والے حصے کو مت چھوئیں۔**



3

سواب کو تقریباً ½ سے ¾ انچ تک ایک نتھنے کے اندر ڈالیں اور کم از کم 4 مرتبہ اسے اندر کی سطح سے مس کریں۔ **اسی سواب کا استعمال کرتے ہوئے**، دوسرے نتھنے میں اس عمل کو دہرائیں۔ یہ عمل انجام دیتے ہوئے تقریباً 15 منٹ لگیں گے۔



4

ناک میں سے ٹیسٹ کے لیے نمونہ حاصل کرتے ہی، سواب کو کھلی ٹیوب میں ڈالیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ سواب ٹیوب کی نچلی سطح کو چھو رہا ہے۔ 3 سے 4 مرتبہ سواب کو ہلائیں۔



5

سواب کو **کم از کم 1 منٹ** کے لیے ٹیوب میں چھوڑ دیں۔ (ٹائمر یا گھڑی کا استعمال کریں!) اگر آپ سواب کو زیادہ مختصر یا زیادہ طویل وقت کے لیے ڈالے رکھتے ہیں تو غلط نتائج نکل سکتے ہیں۔



6

1 منٹ کے بعد، سواب کو ٹیوب سے باہر نکالیں، **سواب کے اوپر والے حصے کو ٹیوب کی اندرونی سطح کے رگڑیں تاکہ زیادہ سے زیادہ مائع باہر نکل سکے۔** سواب کو پھینک دیں۔

7

احتیاط سے ٹیسٹ اسٹرپ کی تھیلی کھولیں اور **تیروں کے نشان کو نیچے کی جانب کرتے ہوئے** ٹیسٹ اسٹرپ کو کھلی ٹیوب میں ڈالیں۔ اسٹرپ کو **10 منٹ** کے لیے ٹیوب میں چھوڑ دیں۔ (ٹائمر یا گھڑی کا استعمال کریں!)





8

10 منٹ کے بعد، ٹیسٹ اسٹرپ کو ٹیوب سے باہر نکالیں اور اسے اچھی روشنی والی ہموار سطح پر رکھیں۔ **فوراً ٹیسٹ اسٹرپ کو پڑھیں!** اگر آپ اسے پڑھنے میں 5 منٹ سے زیادہ انتظار کرتے ہیں، تو آپ کو غلط نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔

اپنے ٹیسٹ کے نتائج کے بارے میں پڑھیں

ٹیسٹ کے ممکنہ طور پر 3 قسم کے نتائج ہوتے ہیں: **مثبت**، **منفی** یا **غلط**، وہ ٹیسٹ جو استعمال نہیں کیا جا سکتا۔



غلط نتیجہ=

1 گلابی یا **کوئی لائنز موجود نہیں**

آپ کو **نیا ٹیسٹ کرنے** کی ضرورت ہے۔ نئی ٹیوب، سواب، اور ٹیسٹ اسٹرپ کا استعمال کرتے ہوئے دوبارہ سے آغاز کریں۔ 2 غلط نتائج حاصل ہونے پر، 1-833-784-2588 کو کال کریں۔

منفی نتیجہ =

1 نیلی لائن

آپ کو COVID-19 ہونے کا **امکان موجود نہیں ہے**۔ لیکن اگر آپ میں کوئی علامات موجود ہیں جو آپ کو تنگ یا پریشان کر رہی ہیں، تو اپنے نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔



مثبت نتیجہ = 1 گلابی لائن + 1 نیلی لائن

آپ کو COVID-19 ہونے کا **امکان** موجود ہے۔ **آپ کو ذاتی علیحدگی اختیار کرنی چاہیئے۔** اگر آپ میں علامات موجود ہیں جو آپ کو تنگ یا پریشان کر رہی ہیں، تو اپنے نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔